Siddiqsons Tin Plate Ltd.

Siddiqsons
TIN
PLATE

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع کیا جاتا ہے کہ میسرز صدیق سنز ٹن پلیٹ لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعہ 29 دسمبر 2023 دن 11:00 بجے بمقام اوشین مال اینڈ ٹاور، چوتھی منزل، G-3، بلاک 9، اسکیم-5 کلفٹن، کراچی، درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

ایجنڈا

۱۔ 28 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2023 کے منٹس کی تصدیق کرنا۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ تعداد یعنی سات (7) ڈائریکٹرز کا 3 سال کی مدت کیلئے انتخاب کرنا۔ درج ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہوں گے۔

۱۔ جناب طارق رفیع
۲۔ جناب ابراہیم شمسی
۳۔ مس عالیہ سجاد
۴۔ جناب منیر قریشی
5۔ جناب عبدالوہاب
۶۔ جناب ایم نعیم الحسنین مرزا
۷۔ جناب اشرف محمود وتھرا

۳۔ چیئر کی اجازت سے کسی اور امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
سید خالد شفیق
(کمپنی سیکریٹری)

کراچی
مورخہ: 08 دسمبر 2023ء

نوٹس:

کتب کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 22-12-2023 سے 29-12-2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی کو 21 دسمبر 2023، کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اہل تصور ہوں گے۔

ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کیلئے اہلیت کا معیار

ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند ممبر کو درج ذیل دستاویز کمپنی سیکریٹری کو اس کے رجسٹرڈ دفتر واقع 27 ویں منزل، اوشین مال اینڈ ٹاور، چوتھی منزل، G-3، بلاک 9، اسکیم-5 کلفٹن، کراچی میں غیر معمولی اجلاس عام کے دن سے کم از کم 14 دن پہلے موصول ہونا ضروری ہے۔

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت خود کو ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کی اطلاع اور SECP کے ایس آر او 906(I) آف 2023 مورخہ 07-07-2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 میں کی گئی ترمیم کے مطابق درج ذیل میں سے کسی ایک کیٹگری کا انتخاب کرے جس میں حصہ لینے کا ارادہ ہو۔

a۔ خودمختار ڈائریکٹر b۔ خاتون ڈائریکٹر c۔ دیگر ڈائریکٹر

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی کیلئے دستخط شدہ فارم نمبر 28 مع CNIC، NTN، پاسپورٹ کی کاپی اور ڈیکلریشن کہ:

a۔ وہ ایکٹ کے سیکشن 153 اور 177 یا کسی دوسرے لاگو قوانین، اصول و ضوابط کی شرائط کے مطابق کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نا اہل نہیں ہے۔

b۔ وہ متعلقہ ضوابط کی رو سے ایک ہی وقت میں سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر یا مزید بشمول متبادل ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہا / رہی ہے۔

c۔ وہ رجسٹرڈ ٹیکس گزار ہے اور کسی بینکنگ کمپنی، ڈیولپمنٹ مالیاتی ادارے یا نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشن سے کسی قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں نادہندہ ہونے کے باعث کسی مجاز دائرہ اختیار کی عدالت سے سزا یافتہ نہیں ہے اور نہ ہی وہ / اس کا شریک حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار سے منسلک ہے۔

d۔ وہ کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور PSX ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

e۔ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 یا کسی اور قانون کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نا اہل نہیں ہے۔

3۔ ایک تفصیلی پروفائل مع دفتری پتہ (کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کیلئے) جو SECP کے ایس آر او 1196 (1)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت درکار ہے۔

4۔ خودمختار ڈائریکٹر کیلئے:

a۔ خودمختاری کا ڈیکلریشن جس کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 جس کو کوڈ آف کارپوریٹ گورننس (CCG) کے ریگولیشن 6(3) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے

b۔ نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر انڈرٹیکنگ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 4(1) کی شرائط پر پورا اترتا ہے / اترتی ہے۔

5۔ اس کا فولیو نمبر / CDC انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / CDC Participation ID No / سب اکاؤنٹ نمبر

6۔ کارآمد سی این آئی سی / پاسپورٹ اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تصدیق شدہ کاپیاں

7۔ کوئی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے جو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہوگا۔ کارپوریشن ہونے کی صورت میں ممبر اپنے کسی اہلکار کو یا کسی دوسرے شخص کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے، چاہے وہ کمپنی کا ممبر ہو یا نہ ہو۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(4) کی شرط کے مطابق انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی فائنل لسٹ غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے ممبرز کو ارسال کردی جائے گی۔ نیز کمپنی کی ویب سائٹ بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کردی جائے گی۔

اگر خود کو انتخاب کیلئے پیش کرنے والوں کی تعداد ڈائریکٹرز کیلئے مقرر کردہ تعداد سے زیادہ ہو تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت کمپنی کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے پروویژن کی رو سے ممبرز کو ای ووٹنگ یا بذریعہ پوسٹل بیلٹ ووٹ دینے کا آپشن پیش کرے گی۔

ممبرز اپنے انتخاب میں حصہ کیلئے اپنی طلب کا حق استعمال کرسکتے ہیں جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 تا 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو شقوں سے مشروط ہے۔

حاضری

کوئی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ کارپوریشن ہونے کی صورت میں ممبر کسی دفتری اہلکار کو یا کسی دوسرے شخص کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے، چاہے وہ کمپنی کا کا ممبر ہو یا نہ ہو۔

پراکسی کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا کوئی دیگر اتھارٹی (اگر ہو) جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں، یا نوٹرائز کیا گیا ہے، تو ایسے پاور آف اٹارنی کی کاپی جو کارآمد ہو اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانا لازمی ہے۔

جن شیئر ہولڈرز کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) میں ہیں، ان سے درخواست ہے کہ غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) مع شریک کی ID نمبر اور سی ڈی سی میں اپنے اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ نمبر، اپنی شناخت کیلئے پیش کریں۔ پراکسی کی صورت میں پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی، اکاؤنٹ اور شریک کا ID نمبر پراکسی فارم کے ہمراہ درج بالا پیراگراف نمبر 1 کے مطابق کمپنی کے رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔ کارپوریٹ ممبرز کیلئے پراکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے نمونے کے دستخط اجلاس کے وقت لازمی پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے شیئر رجسٹرار کو نہ فراہم کی گئی ہو)۔ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا لازمی ہے۔ پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC لازمی طور پر پیش کریں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت

اجلاس میں ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات "Registration for Siddiqsons Tin Plate Limited EOGM 2023" کے عنوان سے مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں طرف کی کارآمد کاپی secretariat@siddiqsonstinplate.com اور secretariat@thk.com.pk پر ای میل کریں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف انہی ممبرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل مع مطلوبہ کوائف، EOGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہو جائیں گی۔ اگر ویڈیو لنک کی سہولت کیلئے کوریئر سے بھیجی درخواست شیئر رجسٹرار کے دیئے گئے پتے پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے مقررہ فارم پر، جو سالانہ رپورٹ میں اور کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، موصول ہونا لازمی ہے۔

رجسٹریشن برائے غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کی سہولت

1۔ فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / سب اکاؤنٹ نمبر:
2۔ شیئر ہولڈر کا نام:
3۔ موبائل فون نمبر:
4۔ ای میل کا پتہ:
5۔ شیئرز کی تعداد، جو کتب کی بندش کے پہلے دن اپنے پاس تھے، تاکہ EOGM میں شرکت کے حق کا تعین کیا جاسکے۔

شیئر ہولڈرز AGM کے ایجنڈا آئٹم کے بارے میں اپنی رائے اور سوالات درج ذیل ای میل پتوں پر بھیج سکتے ہیں۔" secretariat@siddiqsonstinplate.com and secretariat@thk.com.pk :

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت اسٹیٹمنٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے مطابق مادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے بلائے گئے اجلاس عام کی اطلاع کے ساتھ منسلک ہے جو خودمختار ڈائریکٹر کیلئے مقرر کرنے والے کے انتخاب کیلئے جواز پیش کرے گا۔ لسٹڈ کمپنی ہونے کی حیثیت سے صدیق سنز ٹن پلیٹ لمیٹڈ کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019 کی رو سے بورڈ میں کم از کم دو (2) یا ایک تہائی ممبرز، جو بھی زیادہ ہو، خودمختار ڈائریکٹرز کی ضرورت ہے۔ اس کے مطابق کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ خودمختار ڈائریکٹرز کی مطلوبہ تعداد کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے پروویژن کے مطابق کیا گیا ہے۔

روزنامہ نوائے وقت 8 دسمبر 2023